ضمیمے ہیں۔کانگریس، مسلم لیگ، جمعیۃ علماء ہند اور مجلس احرار اسلام کے سیاسی وملی کردار پر مختصر مگر جامع تبصرہ ہے۔خاص طور پر مسلم لیگ کی فرقہ وارانہ سیاست کا بے لاگ تجزیہ ہے کہ جس کے نتائج اجتماعی سزا کے طور پر چون سال گزرنے کے باوجود برصغیر کے مسلمان آج بھی بھگت رہے ہیں۔

''فتاویٰ مفتی محمودؒ'' (جلد اوّل)

ضخامت: ۶۲۸۔ قیمت: ۲۲۰ روپے

ناشر: محمد ریاض درانی۔ سال اشاعت: جولائی ۲۰۰۱ء

ملنے کا پتا: جمعیۃ پبلی کیشنز، متصل مسجد پائلٹ ہائی سکول، وحدت روڈ۔ لاہور

حضرت مولانا مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک نام ور شخصیت ہیں۔ وہ اپنا تعارف آپ ہیں۔ جامعہ قاسم العلوم ملتان کے دارالحدیث میں چٹائی پر بیٹھ کر درسِ حدیث سے لے کر پارلیمنٹ میں اسلام اور مسلمانوں کے دفاع کی جنگ تک اُن کی خدمات کا دائرہ پھیلا ہوا ہے۔ اُن کی سیاست سے اختلاف ہوسکتا ہے مگر اُن کے تقویٰ وتدین اخلاص وللّٰہیت، علمی وفقہی مقام ومرتبہ اور قومی ودینی خدمات کا انکار ممکن نہیں۔ حضرت مفتی محمود رحمہ اللہ کی سیاسی خدمات کے حوالے سے بہت کچھ شائع ہو چکا ہے۔ مگر اُن کے علمی وفقہی کام کی اشاعت کا حق ادا نہیں ہوا۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے محمد ریاض درّانی کو جنھوں نے یہ چوٹی سر کرنے کا عزم کررکھا ہے۔ فتاویٰ مفتی محمودؒ (جلد اوّل) میں کتاب العقائد، کتاب الطہارت، احکامِ مساجد اور مواقیت الصلوٰۃ کے زیرعنوان ۱۱۸ مسائل پر حضرت مفتی صاحب کے فتاویٰ شامل ہیں۔ برادر محترم مفتی محمد جمیل خان صاحب کا طویل ترین مقدمہ حضرت خواجہ خان محمد صاحب دامت برکاتہم، شیخ الحدیث مولانا محمد سرفراز صفدر مدظلہ اور مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر کی تقریظات نے کتاب کی اہمیت اور بھی بڑھا دی ہے۔

اعلیٰ کتابت وطباعت، دیدہ زیب سرورق اور مضبوط جلد، جناب ریاض درّانی کی خوش ذوقی کی اعلیٰ مثال ہے۔

حُسینیہ پرنٹنگ پریس

پرانی غلہ منڈی، بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

اشتہارات کتب رسائل پمفلٹ

لیٹر پیڈ وزیٹنگ کارڈ شادی کارڈز

اور ہر قسم کی اعلیٰ ومعیاری چھپائی کا مرکز

پروپرائٹر: ملک ظہور الحق فون نمبر: (0303) 6662445 - (061) 519706